HMMCW LIBRARY

**WEST BENGAL STATE UNIVERSITY**

B.A. Honours 3rd Semester Examination, 2021-22

# URDACOR06T-URDU (CC6)

Time Allotted: 2 Hours Full Marks: 50

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی پانچ (۵) کے جواب دیجئے: 2×5 = 10

(i) افسانہ کسے کہتے ہیں؟

(ii) افسانے کے اجزائے ترکیبی بتائیے.

(iii) ڈراما کس زبان کا لفظ ہے؟

(iv) ہندوستان کا شیکسپئر کس ڈراما نگار کو کہا جاتا ہے؟

(v) ڈراما کے اجزائے ترکیبی بتائیے.

(vi) '' آگرہ بازار'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(vii) '' کوارنٹین'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(viii) سفید خون کے مصنف کا نام بتائیے.

2. درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے: 10×2 = 20

(i) پریم چند کی افسانہ نگاری پر مضمون لکھیے.

(ii) آزادی کے بعد اردو افسانے کی روایت کا جائزہ لیجئے.

(iii) افسانے کی صنفی خصوصیات سے بحث کیجیے.

(iv) منٹو کی افسانہ نگاری پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے.

3. کسی ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے: 10×1 = 10

(i) ڈراما کی مختلف اقسام کا جائزہ پیش کیجیے۔

(ii) آغا حشر کی ڈراما نگاری پر نوٹ تحریر کیجیے۔

(iii) حبیب تنویر کی ڈراما نگاری پر نوٹ تحریر کیجیے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کا انتخاب کیجیے۔ ڈرامے کا نام بتاتے ہوئے اس کی تشریح کیجیے: 10×1 = 10

(الف) خاقان۔ خوب برسو، خوب چمکو، ہوا، آگ، مٹی، پانی، ان سے کو رشوت دی گئی ہے، یہ سب میر بیٹیون سے مل گئے ہیں، تو بھی ان سے مل جا۔

ارسلان۔ خصور برف گر رہی ہے۔

خاقان:۔ گرنے دے، چل اے ہوا خوب زور سے چل، اے بادلو! اتنی شدت سے برسو کہ پہاڑوں کی چوٹیاں، محلوں کے گنبد، قلعوں کی مینار، یہ سب تہ آب ہو جائیں۔

ارسلان۔ ایسی اولاد پر لعنت ہو جس کے دل میں ایسا زہریلا مدہ پیدا ہو جاتا ہے۔

خاقان۔ ہاں، اور اس باپ پر بھی لعنت ہو جو اپنے نطفے سے ایسی ناخلف اولاد پیدا کرتا ہے اور اس ماں پر بھی لعنت ہو جو اپنی چھاتیوں کا دودھ پلا پلا کر دنیا کی مصیبتوں کو بڑھاتی ہے اور اس محبت پر بھی لعنت ہو جو ایسے زہریلے دانت والے کتّوں کو پالتی ہے

(ب) " تذکرہ نویس: اب یہ زمانہ دیکھئے کہ کتب خانوں سے فارسی کی کتابیں عنقا ہو رہی ہیں۔ نثر بھی اردو میں ہی لکھی جاتی ہے، پھر کوئی کیا تذکرہ لکھے اور کس کے لئے؟

کتب فروش: خوب یاد آیا۔ میاں نظیرؔ کے ایک شاگرد حال ہی میں میرے پاس آئے، ان کی ایک نظم، 'لیلیٰ مجنوں' لے کر کہ میں اسے اپنے رسوخ سے شائع کروا سکتا ہوں۔ اب بھلا بتایئے، کون پڑھے گا میاں نظیرؔ کا کلام!

شاعر: صاحب ایک زمانہ آنے والا ہے کہ یہی بازاری چیزیں چلیں گی۔ ہولی یا دیوالی پر کچھ تک بندی کر لیجئے، علم و فضل کی معراج پر پہنچ جایئے گا! یہ تو ذوق کا عالم ہے آج کل! ابھی ابھی یہ ککڑی بیچنے والا میرے پاس دوڑا ہوا آیا اور کہنے لگا صاحب میری ککڑی پر نظم کہہ دیجئے۔ اب بھلا بتایئے۔"

**N.B. :** *Students have to complete submission of their Answer Scripts through E-mail / Whatsapp to their own respective colleges on the same day / date of examination within 1 hour after end of exam. University / College authorities will not be held responsible for wrong submission (at in proper address). Students are strongly advised not to submit multiple copies of the same answer script.*

——×——